اٹھائیسواں اجلاس، دسویں نشست

قومی اسمبلی

کورم مکمّل نہ ہونے کے باعث ایوان کی کاروائی تعطل کا شکار رہی

اسلام آباد، 14 جنوری 2016: ایوانِ زیریں کے اٹھائیسویں اجلاس کی دسویں نشست میں اراکین کی حاضری کم رہی جبکہ نظام کار پر موجود نصف سے زائد امور زیر غور نہ لائے گئے۔

ایوان کی کارروائی کے خاص نکات

- نشست کا دورانیہ تین گھنٹے رہا۔
- نشست کا آغاز طے شدہ وقت دس بجے کی بجائے دس بج کر پنتیس منٹ پر ہوا۔
- کورم کی کمی کے باعث ایوان کی کارروائی اکیاون منٹ معطل رہی۔
- نشست کے دوران تراسی منٹ صدارت کے فرائض سپیکر نے جبکہ بقیہ وقت چیئر پرسنوں کے پینل کے ایک رکن نے انجام دیے۔
- وزیرِ اعظم اجلاس میں شریک نہ ہوئے۔
- قائدِ حزبِ اختلاف چوبیس منٹ تک ایوان میں موجود رہے۔
- آٹھ وفاقی وزرا نے اجلاس میں شرکت کی۔
- نشست کے آغاز پر پچیس (سات فیصد) اور اختتام پر ایک سو چھ (اکتیس فیصد) اراکین موجود تھے۔
- نشست میں پختونخوا ملی عوامی پارٹی، پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل)، قومی وطن پارٹی شیر پاؤ، جماعت اسلامی، آل پاکستان مسلم لیگ اور عوامی مسلم لیگ پاکستان کے پارلیمانی قائدین نے شرکت کی۔
- سات اقلیتی اراکین بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

کارکردگی

- انچارج وزیر کی درخواست پر ایوان نے دوسری مرتبہ نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (ترمیمی) بل 2016 کو متعارف کرانے کی تحریک مؤخّر کر دی۔
- ایوان نے اسلام آباد ماتحت عدلیہ سروسز ٹربیونل بل 2015 اور فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی (ترمیمی) بل 2015 کی منظوری دے دی۔ یہ قانونی مسودات وزیر اطلاعات، نشریات و قومی ورثہ کی جگہ وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی نے پیش کئے تھے۔
- مجلس قائمہ برائے مالیات، محصولات، اقتصادی امور، شماریات اور نجکاری نے انکم ٹیکس (ترمیمی) بل 2015 اور انکم ٹیکس (دوسرا ترمیمی) بل 2015 پر کمیٹی کی دو رپورٹس پیش کیں۔ ایوان نے کمیٹی کی رپورٹ تاخیر سے پیش ہونے کو نظر انداز کرنے کی تحریک کی کثرتِ رائے سے منظوری دی۔
- مجلس قائمہ برائے ریلوے کے چیئرمین نے جنوری 2015 سے جون 2015 تک کے عرصہ کی کارکردگی رپورٹ ایوان میں پیش کی۔

نمائندگی اور جوابدہی

- ایوان نے نظام کار پر موجود چونتیس نشاندہ سوالات میں سے تین کو اٹھایا۔ اراکین نے دو ضمنی سوالات بھی دریافت کئے۔
- حکومت نے اکیس غیر نشان دار سوالات میں سے سترہ کے جوابات دیئے۔ وقفہ سوالات کا دورانیہ صرف گیارہ منٹ رہا۔
- جنگلات کے کٹاؤ سے متعلق ایک توجہ دلاؤ نوٹس کو متعلقہ وزیر کی درخواست پر موئخر کر دیا گیا۔
- وفاقی وزیر پٹرولیم وقدرتی وسائل نے ایل این جی معاہدے پر معلومات کی کم دستیابی سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیا۔

نظم وضبط

- بیس اراکین نے نکات ہائے اعتراض کے ذریعے باون منٹ تک مختلف معاملات پر بات کی۔ ان معاملات میں صحافیوں پر دہشت گردی کے حملوں، تھر میں اموات اور ایوان کی کارروائی سے متعلق امور شامل تھے۔
- وقفہ سوالات کے دوران پاکستان پیپلزپارٹی کے ایک رکن کی طرف سے کورم کی نشاندہی کے باعث ایوان کی کارروائی اکیاون منٹ تک معطل رہی۔
- پاکستان تحریک انصاف کے اراکین نے انکی پارٹی کے چیئر مین سے متعلق ایک وفاقی وزیر کے بیان کے خلاف ایوان کے اندر احتجاج ریکارڈ کرایا۔

شفافیت

- ایجنڈے کی نقول تمام اراکین، مشاہدہ کاروں اور عوام کیلئے دستیاب تھیں۔
- اراکین کی حاضری کی تفصیل ایوان کی ویب سائٹ پر دستیاب پائی گئی۔

(یہ فیکٹ شیٹ فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک کی جانب سے قومی اسمبلی کی کاروائی کے براہ راست مشاہدے پر مبنی ہے۔ ادارہ ممکنہ غلطی یا کوتاہی پر پیشگی معذرت خواہ ہے۔)